بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

نحمداللّٰہ الذی خَصَّنَا بتعلیم القراٰن العظیم ، ونصلّی ونسلّم علی من تلقی القراٰن من الّدن حکیم علیم ،وعلی اٰلہ واصحابہ المجودین للکتاب المبین والتابعین لھم باحسان الی یوم الدین

امّا بعد: سیدنا امام عاصمؒ بن ابی النجود الکوفی التابعی کی قرأت بروایت حفص علیہ الرحمۃ بن سلیمان المغیرہ الاسدی کواللہ تعالیٰ نے جتنی مقبولیت اورشہرت عطافرمائی ہے، دوسری متواتر قراءات میں سے کسی کے بھی نصیب میں نہیں آئی ،ذَالِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ۔

ایک عرصہ سے حفاظِ قرآن ،علماء اورقُرّ اکوحفصؒ کے طرق میں تلفیق اورخلط کرتے دیکھاہے، جواکثر آئمہ کرام کے نزدیک ناجائز ،حرام ،مکروہ معیوب ہے، مصر کے شیخ القراءعلّامہ علی ضباعؒ صریح النص میں فرماتے ہیں، کہ علّامہ محمدالنویری نے شرح دُرّہ میں طریق میں خلط کوحرام یامکروہ یامعیب لکھاہے، نیزعلّامہ قسطلانی لطائف میں لکھتے ہیں، کہ قاری پرواجب ہے، کہ وہ طرق میں خلط اورترکیب سے احترازکرے،اور ہر ایک کوممتازکرے ورنہ جوچیزجائزنہیں اورجونازل نہیں ہوا،اس میں واقع ہوجائے گا، امام ابوالحسن علی سخاویؒ ایک قرأت میں دوسری کے خلط کوجمال القرأمیں خطا لکھتے ہیں، جعبریؒ فرماتے ہیں، کہ محقق رحمتہ اللہ کا قول اس سلسلہ میں بہت عمدہ ہے، فرماتے ہیں، اختلاف مرتب میں خلط ہرحال میں حرام ہے،اس سے کلام عربیت اور اس لغت کے بالکل خلاف ہوجاتاہے،جس پرقرآن نازل ہواہے، اور التزام فی

الروایت میں بھی خلط سے اس راوی کی طرف جو اس سے مروی نہیں کذب وافتراء لازم آتا ہے، جو ممنوع وناجائز ہے۔اور اگر علی حسب التلاوۃ بغیر کسی التزام کے ایک قرأت کے ساتھ دوسری پڑھ دی جائے تو جائز ومقبول ہے۔مگر جو شخص طرق اور روایات میں ماہر اور قراءات کے اختلاف کا عارف ہو تو اس کے لئے خلط عیب ہے اس لئے کہ اس طرح علماء اور عوام مساوی ہوجاتے ہیں، تاہم حفصؒ کے طُرق کے اختلافات کو واضح اور ممتاز کرنے کی غرض سے میں نے اللہ ربّ العزّت کے فضل ونصرت کو وسیلہ بناتے ہوئے حفص کے طُرق کے اٹھارہ کلمات کے اختلاف کو ضبط میں لانے کی ناچیز سعی کی ہے، اور اس کا نام تکمیل النص علٰی طرق الحفصؒ رکھا ہے، تقریباً آٹھ سال قبل اس کی تکمیل ہوچکی تھی مگر شومئ قسمت کہ تمام مسوّدے گم ہو گئے ،اور تلاش بسیار کے باوجود نہ مل سکے، اس لئے دوبارہ سعی ناچیز پر اللہ تعالٰی نے خصوصی فضل فرمایا، اور اس مشکل موضوع پر کتاب کو مکمل فرمایا۔اپنی علمی بے بضاعتی کے پیش نظر اہل علم سے تسامح کے ساتھ اصلاح کی درخواست ہے، اللہ تعالٰی اسے نافع اور میرے لئے توشہ آخرت بنائیں اور میرے والدین اساتذہ کرام آئمہ کرام اور جن حضرات کی کتب سے استفادہ کیا ہے، اللہ تعالٰی ان کی قبروں کو نور سے بھر دیں ،اور کروڑوں رحمتوں کا نزول فرمائیں، آمین بجاہ نبی کریم ﷺ ۔

وَاٰخِرُ دَعْوَانا بِتَوْفِيْقِ رَبّنا ١ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَحْدَهٗ عَلَا
وَبَعْدُ صَلٰوۃُ اللّٰہِ ثُمَّ سَلَامُہٗ ٢ عَلٰی سَیِّدِ الْخَلْقِ الرِّضَا مُتَنَخِّلَا
مُحَمّدِنِ الْمُخْتَارِ لِلْمَجْدِ کَعْبَۃٌ ٣ صَلٰوۃ تُبَارِ الرِّیْحَ مِسْکًا وَّ مَنْدَلَا
وَتُبْدِیْ عَلٰی اَصْحَابِہٖ نَفَحَاتُھَا ٤ بِغَیْرِ تَنَاہٍ زَرْنَبًا وَّ قَرَنْفُلَا

احقر فیاض الرحمن علوی عفا اللہ عنہ مرکزی دار القراء نمک منڈی پشاور

{مصادر و مراجع کتب}

نوٹ: میں نے اس تالیف کی ترتیب اور آیات کا انتخاب اور جائز وجوہ کے جدول جو بنائے ہیں، وہ المقری علّامہ علی الضباغ نور اللہ مرقدہ وجعل الجنۃ مثواہ کی صریح النص سے اخذ کئے ہیں، اور المرأۃ النیرہ فی حل الطیّبہ، قدوۃ المجوّدین قاری رحیم بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ، اور النشر محقق ابن الجزری رحمھم اللہ سے زیادہ استفادہ کیا گیا ہے، جبکہ دیگر کتب میں استاذی واستاذ القرّاء المقری محمد شریف صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف، اور المقری محمد طاہر رحیمیؒ کی کشف النظر شرح النشر، اور امام المقرئین قاری فتح محمد صاحب نوّ اللہ مرقدہ کی شاطبیہ کی شرح عنایات رحمانی، اور استاذ العلماء والقرّاء مولانا قاری اظہار احمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اور فریدۃ الدھر محمد ابراھیم سالم اور الشیخ محمد تقی الاسلام المقری الدھلوی اور الشیخ ابوالاحسن اعظمی شیخ القرأ دار العلوم دیوبند نفع اللہ بھم المسلمین کی کتب اور ان کے علاوہ دیگر بہت سی کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔ اللہ تعالٰی ان تمام خدّام قرآن کو ہماری طرف سے اور پوری امّت مسلمہ کی طرف سے بہترین جزاء جنت الفردوس کے اعلٰی درجات سے نوازتے ہوئے عطا فرمائیں، امین۔

فیاض الرحمٰن علوی

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

{حفص رحمۃ اللہ کے طرق}

حفصؒ کے دوطریق ہیں: (۱)عبید بن صباح (۲)عمرو بن صباح
پھر عبید کے دوطریق (۱)ابوالحسن ہاشمی (۲)ابوطاہر بن ابی ھاشم ہیں جواشنانی کے واسطہ سے عبید بن صباحؒ کے شاگرد ہیں،اور عمرو بن صباح کے دوطریق ہیں (۱)فیل (۲)زرعان اور تفصیلی طریق النشر کے مطابق باون ۵۲ ہیں،ان چاروں میں سے(۱) ھاشمی کے دس ۱۰ (۲)ابوطاہر کے چودہ،کل چوبیس ۲۴ (۳)فیل اورزرعان کے بھی چودہ ۱۴ ۱۴ کل اٹھائیس ۲۸ جملہ باون ۵۲ طرق ہوئے۔

{ماخذ طریق کی تفصیل}

محقق ابن الجزریؒ نے حفصؒ کی روایت کے مذکورہ طرق کومندرجہ ذیل تفصیلی ماخذوں سے اختیار کیا ہے۔

{طریق عبید بن صباح}

(۱)بطریق ھاشمی مندرجہ ذیل ماخذوں پر مشتمل ہے،التذکرہ ، التیسیر ، الشاطبیۃ تلخیص العبارات ، جامع ابن فارس ، المستنیر ، غایہ ابی العلاء ، المبھج اور طریق المنجی اورطریق الخبازی الکامل سے۔ (۲)بطریق ابی طاہر کے ماخذ روضۃ

المالکی اور جامع ابن فارس اور المصباح اور الکفایہ ابی العز اور ارشاد اور التذ کار اور کفایۃ الست اور طریق الفارسی اور طریق التجر ید سے اور بطریق رازی الکامل سے۔

(۲) عمرو بن صباح بطریق فیل کو مندرجہ ذیل ماخذوں سے اختیار کیا ہے، بطریق ابن الخلیع ،المصباح اور المبہج سے اور بطریق طبری، الوجیز اور الکامل المستیز سے اور بطریق الحمامی، المستنیر ،الکامل، المصباح، التذ کار، کفایہ ابی العز، اور جامع ابن فارس اور غایہ ابی العلاء سے اور اسی طرح روضۃ المالکی اور روضۃ العدل سے جیسا کہ ازمیری نے زیادت علی النشر میں تحریر کیا۔ (۲) طریق زرعان کو محقق ؒ نے غایۃ ابی العلاء اور المصباح اور کفایہ ابی العز اور التذ کار اور المستنیر سے۔ بطریق الحمامی اور بطریق المصاحفی جامع ابن فارس اور قرأۃ دانی ؒ علی ابی الفتح فارس عن عبد الباقی عن القلانسی اور بطریق فارسی التجر ید سے اور بطریق السوسنجری روضۃ المالکی سے،اور بطریق الحمامی روضۃ المالکی اور روضۃ العدل سے کما حرّرہ الازمیری زیادۃ علیٰ مافی النشر ۔

{طرق حفص ؒ کے اختلافی کلمات}

مندرجہ ذیل اٹھارہ کلمات میں حفص رحمۃ اللہ علیہ کے طرق کا اختلاف ہے۔

(۱) تکبیر: (۱۹) التکبیر سورۃ الضحٰی کے شروع سے یا آخر سے وَالنَّاس تک، نیز ہر سورۃ کی ابتداء میں انشاء اللہ ذیل میں اسی ترتیب پر ہر ایک مسئلہ کے طرق کو واضح کیا جائے گا۔(۲) مد منفصل اور مد متصل (۳) حرف ساکن پر ہمزہ سے پہلے سکتہ وعدم سکتہ۔ (۴) نون ساکن وتنوین کا ادغام لام وراء میں مع الغنہ اور بلا غنہ۔ (۵) یَبۡصُطُ ، بَصۡطَةً میں صاد وسین۔ (٦) اَلۡمُصَیۡطِرُوۡنَ اور بِمُصَیۡطِرٍ میں صاد

وسین (۷) آلذَّکَرَیۡنِ، آٰلۡئٰنَ اور آٰللّٰهُ میں تسہیل وابدال (۸) یَلۡهَثۡ ذَالِکَ (سورۃ اعراف) میں ادغام واظہار (۹) اِرۡکَبۡ مَّعَنَا (سورۃ ھود میں ادغام واظہار (۱۰) یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ اور نٓ وَالۡقَلَمِ میں ادغام واظہار (۱۱) لَاتَاۡمَنَّا اشمام مع الادغام اوراظہار مع الروم (۱۲) عِوَجًا، مَرۡقَدِنَا، مَنۡ رَاقٍ، بَلۡ رَانَ سکتہ وعدم سکتہ (۱۳) عین مریم وعین شوریٰ میں طول، توسط، قصر (۱۴) فِرۡقٍ کی راء کی تفخیم وترقیق (۱۵) فَمَآ اٰتٰنِۦ پر وقفًا اثبات یاء وحذف (۱۶) ضَعۡفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنۡ بَعۡدِ ضَعۡفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنۡ بَعۡدِ ضَعۡفًا (۱۷) سَلَاسِلَا پر وقفًا اثبات الف وحذف (۱۸) اَلَمۡ نَخۡلُقۡکُّمۡ (مرسلات) میں قاف کا کاف میں ادغام ناقص وتام ۔

زیادات طیبۃ النشر علی الشاطبیۃ لحفص رحمۃ اللہ علیہ

{نظم اشراق العید}

وَفِی النَّشۡرِ تَکۡبِیۡرٌ وَّ قَصۡرٌ لِّمُنۡفَصِلٗ ۱ وَاَیۡضًا فَوۡقُ الۡقَصۡرِ جَآءَ مُفَصَّلَا
وَیٰسِیۡنُ بِالۡاِدۡغَامِ اَیۡضًا وَاَحۡسَنُهَا ۲ وَاِظۡهَارُهُمۡ یَلۡهَثۡ کَذَا اِرۡکَبۡ تَاَصَّلَا
وَسِیۡنُ اَتَتۡ یَازَیۡدُ فِیۡ بِمُصَیۡطِرٍ ۳ وَبَسۡطُ صَادَ بَسۡطَةً جَلَا
وَفِی الۡ کَذَا الۡمَفۡصُوۡلُ قَصَحَّ سَکۡتُهُمۡ ۴ وَشَیۡءٌ وَّمَوۡصُوۡلٌ بِسَکۡتٍ تَقَبَّلَا
وَعَیۡنُ بِقَصۡرٍ ثُمَّ اِشۡبَاع متصل ۵ حَدَائِقُهَا فَاحت شَذًی وَقَرَنۡفُلَا
وَاِدۡرَاجُ مَنۡ رَاقَ کَذَا اخوَتِها ۶ وَاَفۡلَحَ مَنۡ صَلّٰی وَزَکّٰی وَهَلَّلَا
وَالۡاِدۡغَامُ فِیۡ لَامٍ وَرَاء بِغُنَّةٍ ۷ فَهٰذِی زِیَادَاتُ نَشۡرٍ فَاَقۡبَلَا
وَتَبۡقٰی تَفَاصِیۡلُ اَتَتۡکَ اُصُوۡلُهَا ۸ فَنَا ظِرِبِهَا شَیۡخُنَا مِنَ النَّشۡرِ رَتَّلَا

بحث اول تکبیر خاص وتکبیر عام

وَسُنَّةُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الْخَتْمِ   ”   صَحَّتْ عَنِ الْمَكِّيْنَ اَهْلِ الْعِلْمِ

اورقرآن مجید کے ختم کے وقت آخری بائیس یا اکیس سورتوں کے آخر یا اول میں استحباباً وتخییراً تکبیر پڑھنے کی عادت مکہ والوں کی ہے، قرأ وعلماء وآئمہ سے صحیح طور پر تواتر وشہرت سے منقول ہوئی ہے۔ تکبیر یعنی اللہ اکبر پڑھنا، ختم قرآن میں والضحیٰ کے آخر یا الم نشرح کے شروع میں یا والضحیٰ کے شروع سے والناس تک اس پر شاطبیہ ، درّہ ، طیّبہ میں طلباء تفصیل سے پڑھ چکے ہیں، اوراحقر نے العلویہ علی الشاطبیہ میں پوری شرح وبسط سے بحث کی ہے، یہاں تکمیل النص میں فقط امام حفصؒ کے طرق کا اختلاف بیان کرنا مقصود ہے، لہٰذا اتنا جان لینا ضروری ہے، کہ امام بزّیؒ نے عکرمہؒ سے انہوں نے اسمعیل بن قسطنطین سے انہوں نے ابن کثیرؒ سے، انہوں نے مجاھدؒ کے ذریعہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے، انہوں نے ابن کعب رضی اللہ عنہ کے ذریعہ حضرت رسول کریم ﷺ سے تکبیر کی روایت مرفوعاً نقل کی ہے، اور اسی طرح ان شیوخ نے دوسرے قول پر مکیؒ کے دوسرے راوی محمد قنبلؒ سے تحمید کے بغیر، یعنی اللہ اکبر یا لا الٰہ الاّ اللہ واللہ اکبر نقل کیا ہے، نیز عملاً تمام قرأ کیلئے ہے (خبازی) اور تمام سورتوں کے شروع میں ہے، سوائے سورۃ برأۃ کے، شرط یہ ہے، کہ بسم اللہ سے اسکا اقتران واتصال کیا جاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے، کہ تکبیر سے متعلق تین مذاہب ہیں

(۱) سورۃ انشراح کے شروع سے اوراس کے بعد کی ہر سورۃ کی ابتداء میں سورۃ ناس کی ابتداء تک ہے، غایۃ ابوالعلائؒ۔ (۲) سورۃ وَالضُّحٰی کے آخر سے اوراس کے بعد کی ہر سورۃ کے آخر پر سورۃ ناس کے آخر تک ہے، ھذ لی نے کامل میں اور ابوالکرم شہرزوری نے مصباح میں بیان کیا ہے۔ (۳) تمام سورتوں کی ابتداء میں سوائے سورۃ توبہ کے، اسے ھذ لیؒ کی کامل اور ابوالعلاء کی الغایۃ میں بیان کیا ہے، سورۃ براۃ کی ابتداء میں چونکہ کسی کیلئے نہیں، اور تکبیر کا اقتران بسم اللہ سے ضروری ہے، لہٰذا براۃ کے شروع میں تکبیر نہیں ہے، اور حفصؒ کی روایت میں فقط اللہ اکبر ہی ہے، تہلیل وتحمید کے الفاظ نہیں ہیں، البتہ ختم قرآن میں والضُّحٰی سے بعض متاخرین نے تکبیر کے ساتھ تہلیل وتحمید کو بھی جمع کیا ہے، اور نماز وغیر نماز ہر صورت میں ہے اور بالجہر سے، پس جب ابتداء قرأت ابتداء فاتحہ سے یا کسی بھی سورت کی ابتداء سے ہو، تو تعوّذ، تکبیر، بسم اللہ اور سورت کے وصل وفصل کی تمام وجوہ درست ہیں، جو مندرجہ ذیل جدول میں ملاحظہ فرمائیں۔

نمبرشمار	تعوذ	تکبیر	بسملہ	سورۃ سے فصل و وصل
۱	وقف	وقف	وقف	فصل کل
۲	وصل	″	وصل	وصل اول فصل ثانی وصل ثالث
۳	وقف	وصل	وقف	فصل اول وصل ثانی فصل ثالث
۴	″	″	وصل	″ ″ وصل ثالث

۵	وصل	وقف	وقف	وصل اول فصل ثانی وثالث
٦	″	″	وصل	وصل اول ″ ″ فصل ثالث
۷	″	وصل	وقف	وصل اول وثانی فصل ثالث
۸	″	″	وصل	وصل کل

اور جب بین السورتین پہلی سورۃ کے ختم اور دوسری کے شروع میں تکبیر پڑھی جائے تو صرف ایک صورت ناجائز ہے، باقی سب جائز ہیں، یعنی آخر سورۃ کا وصل تکبیر سے اور تکبیر کا وصل بسم اللہ سے اور بسم اللہ کے آخر پر وقف ناجائز ہے، اسلئے کہ اس سے بسم اللہ کا تعلق ختم سورت سے ہونے کا شبہ ہوتا ہے، جبکہ بسم اللہ کا تعلق ابتداء سورت سے ہے، کما قال المحققؒ فی الطیبۃ"

وَامْنَعْ عَلَى الرَّحِيْمِ وَقْفًا اِنْ تَصِلْ " وَغَيْرَ ذَا اَجِزْ مَا يَحْتَمِلْ

اور تو رحیم پر وقف کو منع کر دے، اگر تو بسم اللہ کے علاوہ سب کو ملا کر پڑھے، یعنی وصل اول وثانی اور فصل ثالث ناجائز ہے، باقی سات وجوہ جائز ہیں۔

{تکبیر بین السورتین کی کل وجوہ پر تفصیلی بحث}

یاد رہے، کہ بین السورتین کی آٹھ وجوہ میں سے ایک ناجائز ہے، اور باقی سات جائز ہیں، جبکہ بعض آئمہ تکبیر کو سورتوں کی ابتداء اور بعض انتہا کہتے ہیں، اسلئے ان سات وجوہ کی تین قسمیں بن جاتی ہیں۔

(۱) باحتمال تکبیر اوائل دو وجوہ۔ (۲) باحتمال تکبیر اواخر دو وجوہ۔

(۳) باحتمال تقدیرین تین وجوہ۔ جمہور آئمہ کے نزدیک ساتوں وجوہ کا پڑھنا صحیح ہے، جبکہ بعض نے ان میں سے بعض کا انکار کیا ہے، اور بعض کو مختار کیا ہے، جسکا خلاصہ

یہ ہے۔

قسم ثالث : باحتمال تقدیرین تین صورتیں ہیں

(۱) فصل کل o o o o یہ وجہ جامع البیان، کنز، فاسی، جعبری کی شروح اور شاطبیۃ سے بھی متبادر ہوتی ہے، لیکن امام ابو محمد مکی اس کو منع کرتے ہیں، جسکی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔ (۲) فصل اول وثانی ووصل ثالث o o oo یہ وجہ ھدایۃ، کنز تلخیص، تجرید، ارشاد قلانسی، غایۃ حافظ ابی العلاء، فاسی، اور جعبری کی شروح درج ہے شاطبیہ سے بھی مفہوم ہوتی ہے، جبکہ مہدوی کے نزدیک مختیار ہے۔

(۳) وصل کل oooo اس کو دانیؒ، شاطبیؒ، ابن الفحامؒ، سبط الخیاط مہدویؒ اور تمام شارحین شاطبیۃ نے بیان کیا ہے، اور مہدوی اس کو بھی مختار کہتے ہیں۔

قسم دوم: باحتمال تکبیر اوائل سور کیلئے (۱) فصل اول وصل ثانی وفصل ثالث o oo o یہ وجہ کنز اور فاسی کی شرح میں مذکور ہے، شاطبیۃ سے بھی متبادر ہوتی ہے، جعبریؒ اسے منع کرتے ہیں، جو خلاف قیاس ہے۔

(۲) فصل اول وصل ثانی وثالث o ooo مستنیر اور جامع خیاط میں صرف یہی وجہ مذکور ہے، کتاب القراءات شذائیؒ ، ارشاد قلانسیؒ تذکار ابن شیطاؒ غایہ ابی العلاءؒ اور جو آئمہ تکبیر کو اوئل کیلئے کہتے ہیں، ان کی کتب میں اور مختار، ھدایۃ، الروضہ، تجرید، تلخیص، مبہج، اور کفایہ میں مذکور ہے۔ جبکہ کافی میں دوسری صورت ہے، علامہ دانیؒ کی

جامع البیان میں بھی درج ہے، امام ابوالقاسم فارسیؒ سے بطریق نقاش وابی ربیعہ یہی وجہ پڑھی ہے۔

قسم اول: باحتمال تکبیر اواخر کیلئے (۱) وصل اول فصل ثانی وثالث ٥٥ ٥ ٥ یہ وجہ منتہیٰ للخزاعی، تلخیص ابی معشر، کنز، فاسی اور جعبری کی شروح میں مذکور ہے، ابومحمد مکی نے اس کو بھی منع کیا ہے، حالانکہ ان کے نزدیک تکبیر اواخر سور کیلئے ہے، ممانعت کی وجہ معلوم نہیں۔ (۲) وصل اول فصل ثانی وصل ثالث ٥٥ ٥٥ مفردہ دانیؒ میں یہی وجہ مذکور ہے، جامع البیان وتیسیر میں مختار ہے، سخاویؒ، ابوشامہؒ کی تمام شروح میں مذکور ہے، امام ابوالحسن کہتے ہیں، کہ اشہر سے میں اسی کو اختیار کرتا ہوں اور اسیطرح پڑھا ہے۔

نوٹ: ان وجوہ کو جمع کرنا ضروری نہیں یہ اختلاف تخییری محققؒ فرماتے ہیں، کہ مناسب یہ ہے، کہ انواع ثلاثہ میں سے ایک ایک وجہ پڑھ لی جائے، مگر لازمی نہیں۔

نوٹ: اواخر سورت کے وصل میں تکبیر کا ہمزہ وصل حذف ہوجائے گا، فَحَدِّثِ اللّٰہُ اَکْبَر، فَارْغَبِ اللّٰہُ اَکْبَر، لَخَبِیْرُنِ اللّٰہُ اَکْبَر، تَوَّابَانِ اللّٰہُ اَکْبَرْ، مَسَدَنِ اللّٰہُ اَکْبَرَ اس صورت میں اسم جلالہ کا لام باریک ہوگا۔

دوسری بحث

{مد منفصل اور مد متصل میں اختلاف طرق}

وَسِّطْ وَقِيْلَ دُوْنَهُمْ نَلْ ثُمَّ كَل " رَوٰى فَبَاقِيْهِمْ اَوَاشْبِعْ مَااتَّصَلُ
لِلْكُلِّ عَنْ بَعْضٍ وَقَصْرُ الْمُنْفَصِلِ " لِيْ بِنْ حِمًّا عَنْ خُلْفِهِمْ دَاعٍ ثَلُ

اور کہا گیا ہے، کہ دونوں قسم کے مد (متصل و منفصل) میں چار مراتب ہیں، ازرق وحمزہ اور اخفشؒ کے لئے پانچ پانچ الف، عاصم کیلئے ان سے کم (چار الف) تو حاصل کر لے، پھر شامی روٰی کیلئے ان سے کم تین الف ہے، پھر باقی حضرات قالون، اصبہانی، حق یزید کیلئے ان سے کم یعنی دوالفی ہے، اور بعض آئمہ، ابن شیطاؒ، ابن سوارؒ، قلانسیؒ وطبریؒ وغیرھم سے دسوں قرّاء کیلئے بلا استثنا پانچ الفی مد متصل میں پڑھ، اور تینوں قولوں پر مکیؒ ویزیدؒ کیلئے بلا خلاف اور ھشام، قالون، اصبہانی، بصری، حفص بطریق عمرو بن صباح کیلئے منفصل میں قصر ثابت ہے، تو اسے میرے لئے بیان کر دے، حالانکہ تو حمایت والا ہے۔ (طیبۃ النشر)

مد منفصل میں قصر ، مراتب اوجہ ومقدار مد

اول مرتبہ قصر ایک الف: حفص کیلئے ابوعلی بغدادی نے بطریق زرعان عن عمرو بن صباح اور ابوالعز نے بطریق فیل عن عمرو، اور ابن فارس نے اپنی جامع میں

اورصاحب مستنیر نے بطریق حمامی عن الولی عن الفیل قطعیت کے ساتھ یہ وجہ بیان کی ہے، اور اہل عراق کے ہاں فیل کے طریق پر یہی وجہ مشہور ہے، ماخذ کتب ،المستنیر ،المصباح کنایہ ابی العز،روضتین،جامع ابن فارس،الکامل،غایہ ابی العلا (الازمیری)(المتولی)۔

دوسرامرتبہ فوق القصر : یعنی قصر سے ذرا زیادہ بڑھا کر اندازاً ا دوالف چارحرکات اوربعض کے نزدیک ڈیڑھ الف تین حرکات یہ مرتبہ حفصؒ کیلئے مندرجہ ذیل حضرات نے بیان کیا ہے، صاحب مبہج بطریق عمرو،تذکار بطریق حمامی عن الولی،ابوالعلا کی غایہ بطریق ولی ،اور یہ مرتبہ متصل اور منفصل دونوں میں ہے، بطریق عمرو دوالفی یاڈیڑھ الفی مد ہے،اور !

نوٹ : الکامل کے مطابق مد تعظیم کے ساتھ منفصل کا قصراورالغایہ کے مطابق ادغام کبیر کے ساتھ منفصل کا قصرضروری ہے۔

تیسرامرتبہ توسط: مرتبہ ثانیہ سے ذرا زیادہ اندازاً اعندالجمہور تین الفی مد جبکہ فوق القصر میں ڈیڑھ الف والوں ہذلی وغیرہ کے نزدیک اڑھائی الف اور دوالف کی مقدار ہے، یہ مقدار متصل و منفصل دونوں قسموں میں تیسیروتذکرہ تلخیص العبارات اور جامع البیان ،عبید بن صباح کیلئے المبہج سے ھاشمی کیلئے شاطبیۃ سے علی المختاراورطبری عن الولی عن الفیل الکامل سے، منفصل میں یہ وجہ صاحب مبہج سے حفص کیلئے عمرو کے سواباقی کی روایت سے کامل سے حفصؒ کیلئے عمرو کے طرق سے،ابوعلی کی روضہ میں یہ مرتبہ اعشی کے سوادوسروں سے عاصم کیلئے ہے۔

چوتھا مرتبہ فوق التوسط : یعنی توسط سے کچھ زیادہ ، اس میں تین قول ہیں ، (۱) جو حضرات توسط کی مقدار تین الف بتائے ہیں، ان کے نزدیک فوق التوسط کی مقدار چار الف ہے، اور جو حضرات توسط کی مقدار دو یا اڑھائی الف بتائے ہیں، ان سب کے نزدیک فوق التوسط کی مقدار تین الف ۔ اور (۲) بعض کے ہاں ساڑھے تین الف ہے، ہذلی کہتے ہیں کہ اس کی مقدار جو حضرات توسط کی مقدار دو یا اڑھائی الف بتاتے ہیں، ان سب کے نزدیک فوق التوسط کی مقدار تین الف ہے، پھر صاحب تیسیر ،صاحب تذکرہ ، ابن بلیمہ کے نزدیک امام عاصم کیلئے اسی چوتھے درجہ کا مد متصل اور منفصل دونوں میں ہے، تجرید میں عاصمؒ کیلئے اس قرأت سے جو عبدالباقی پر ہے، صاحب وجیز ،صاحب تیسرہ، صاحب کنایہ کبریٰ صاحب ہادی صاحب ہدایہ صاحب کافی کے نزدیک منفصل میں یہ مرتبہ عاصم کیلئے ہے، کامل میں حفصؒ کیلئے عبید سے۔

پانچواں مرتبہ : طول : چوتھے مرتبہ سے کچھ زیادہ ، پانچ الف ساڑھے چار الف ، چار الف ، یہ اختلاف چوتھے مرتبہ کے اقوال اندازہ پر مرتب ہے، صاحب نشر فرماتے ہیں، کہ یہ مرتبہ مد متصل میں تفاوت نہ کرنے والے تمام حضرات کیلئے موزون ہے، ورنہ مد منفصل کی ترجیح ان کے لئے متصل پر لازم آئے گی۔

چھٹا مرتبہ: اس سے بھی اوپر، پانچ الف، ساڑھے پانچ الف، چھ الف، ہذلی کی کامل میں امام حمزہ، امام خلف بروایت ادریس، ورش کیلئے اصبہانی کے طریق کے سوا ابوالعلا کی غایہ سے قتیبہ سے کسائی کیلئے اور جامع البیان سے حمزہ، ابوبکر اور حفصؒ کیلئے بطریق اشنانی جوان کے شیوخ سے حفصؒ کیلئے ہے۔

نوٹ: اس سے اوپر بھی مراتب نو تک کا النشر میں ذکر ہے، مگر محقق رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ پانچویں مرتبہ سے ان حضرات کی صریح عبارتوں میں کسی نے تجاوز نہیں کیا، اور ہذلی نے جو بیان کیا ہے، یہ ان کا وہم ہے، نیز فرماتے ہیں کہ الف نصف الف یہ اندازے لفظی ہیں حقیقی نہیں ہیں، اصل مدار مشافہۃً اخذ پر ہے۔

حضرت العلامہ امام القرأ مولانا قاری فتح محمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ عنایات رحمانی میں لکھتے ہیں کہ مدوں کی مقداروں میں اتنے اقوال ہیں، کہ سب کا صحیح اندازہ کرنا بہت مشکل ہے، اور ان کی پوری رعایت واجبات میں سے بھی نہیں، لہٰذا سہولت اس میں ہے کہ نصف اور ربع الف کے فرق کو چھوڑ کر صرف الفوں کی مقداریں اداء کی جائیں، چنانچہ قالون اور دوری کیلئے منفصل میں قصر اور متصل میں دوالفی یا دونوں میں دوالفی ،ابن کثیر وسوسی کیلئے منفصل میں صرف قصر اور متصل میں دوالفی ،ابن عامر اور کسائی کیلئے دونوں میں تین الفی، عاصم کیلئے دونوں میں چار الفی، اور ورش وحمزہ کیلئے دونوں میں پانچ الف مد کیا جائے ،اور بعض ان چار مراتب میں قدرے تفصیل کر کے چھ مراتب قرار دیتے ہیں، اور متصل میں سب کیلئے طول اور منفصل میں تین الفی یا چار الفی مد۔ (از عنایات رحمانی)

{متصل و منفصل دونوں کے جمع ہونے کی صورت میں جائز وجوہ}

جب یہ دونوں مدیں قریب قریب یا ایک کلمہ میں جمع ہوں تو لازمی ہے کہ ان میں سے ایک مقدم ہوگی اور دوسری مؤخر ہوگی، جیسے یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْکُرُوْا نِعْمَتِیَ (الایۃ) اور اَوْ کَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ (الایۃ) چونکہ متصل قوی ہے اور منفصل اس کے مقابلہ میں

ضعیف، اس لئے وہ وجہ جس میں متصل پر منفصل کی ترجیح ہو وہ غیر جائز ہے، اقوال کو ضرب دینے سے کل نو وجوہ میں سے تساوی والی اور یہ قوی کی ضعیف پر ترجیح والی وجوہ جائز ہیں، اور ضعیف کی قوی پر ترجیح والی غیر جائز ، یعنی متصل میں توسط اور منفصل میں فویق التوسط ناجائز ہے جیسا کہ معلم التجوید میں اور فوائد مکیہ کے حاشیہ میں حضرت الاستاذ المقری محمد شریف صاحب نوراللہ مرقدہٗ نے پوری تفصیل سے تحریر فرمایا ہے، کہ ھٰٓؤُلَآءِ جیسی مثالوں میں منفصل میں تین الف اور متصل میں دو الف نیز منفصل میں چار الفی مد اور متصل میں اڑھائی یا تین الفی مد ناجائز ہے اور اس کے برعکس جائز ہے۔

{متصل و منفصل اور کلمہ لَآ اِلٰہَ مد تعظیم}

وَالْبَعْضُ لِلتَّعْظِیْمِ عن ذی الْقَصْرِ مُدْ " وَاَرْزُقْ اِنْ بَعْدَ هَمْزٍ حَرْفُ مَدْ

اور بعض آئمہ ابن مہران اور ہذلی وغیرھما نے منفصل میں قصر کرنے والے قرأ کیلئے لَآ اِلٰہَ میں ہر جگہ مد تعظیم نفی الوہیت میں مبالغہ ظاہر کرنے کیلئے دو یا تین الفی مد کیا ہے، یعنی قصر والے قالون، بصری، ہشام، حفص بخلاف، اور مکی و یزید بلا خلاف ہیں، پس ان کے لئے منفصل میں قصر کرتے ہوئے لَآ اِلٰہَ کے سب موقعوں میں دو یا تین الفی مد جائز ہے، (طیبۃ النشر) البتہ اس کے ساتھ متصل میں طول ضروری ہے جیسا کہ ان کا مذھب ہے، نیز ساکن وتنوین کا لام وراء میں ادغام مع الغنہ بھی مد تعظیم کے ساتھ ضروری ہے، ورنہ طریق کا خلاف لازم آئے گا، جیسے قولہٗ تعالیٰ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔

مد منفصل اور مد تعظیم اور نون ساکن کا راء میں ادغام جمع ہو گئے ہیں اور یہاں آٹھ وجوہ جائز بنتی ہیں۔

	مَآ اَوْحِیَ	مِنْ رَّبِّکَ	لَآ اِلٰہَ	
وجوہ	مد منفصل	ادغام مع الغنہ وبلاغنہ	مد تعظیم	جائز
۱	قصر	بلاغنہ	قصر	″
۲	″	مع الغنہ	توسط	″
۳	فویق القصر	″	فویق القصر	″
۴	توسط	″ ″	توسط	″
۵	فویق التوسط	″ ″	فویق التوسط	″
۶	فویق القصر	بلاغنہ	فویق القصر	″
۷	توسط	″	توسط	″
۸	فویق التوسط	″	فویق التوسط	″

متصل ، منفصل ، لا

قولہ تعالیٰ اِتَّبِعْ مَآاُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِکِیْنَ ، وَلَوْشَآ
ءَ اللّٰہُ (الآیۃ) اس میں کل بارہ وجہیں جائز ہیں

{جدول}

نمبرشمار	مَآاُوْحِیَ	مِنْ رَّبِّکَ	لَآاِلٰہَ	وَلَوْشَآءَ اللّٰہُ
۱	قصر	بلاغنہ	قصر	توسط
۲	قصر	〃	〃	توسط
۳	قصر	غنہ	توسط	طول
۴	فویق القصر	بلاغنہ	فویق القصر	طول
۵	〃	غنہ	〃	طول
۶	توسط	بلاغنہ	توسط	توسط
۷	〃	بلاغنہ	〃	طول
۸	〃	مع الغنہ	〃	〃
۹	فویق التوسط	〃	فویق التوسط	فویق التوسط
۱۰	〃	بلاغنہ	〃	〃
۱۱	〃	مع الغنہ	〃	طول
۱۲	〃	بلاغنہ	〃	〃

تیسری بحث

{ہمزہ قطعی سے پہلے ساکن پر سکتہ وعدم سکتہ}

ساکن منفصل قبل الھمزہ : مَنْ اٰمَنَ، قَدْ اُوْحِیَ، لَام اَلْ، اَلْاٰخِرَۃِ۔

ساکن صحیح : قُرْاٰنٌ، یَسْئَلُوْنَ، مدہ ولین سُوْءٌ، شَیْءٌ، سَوْءٌ، سِیْئَتْ، شَیْئًا، خَلَوْا اِلٰی، اِبْنَیْ اٰدَمَ وغیرہ میں حفصؒ کیلئے تین وجوہ ہیں۔ (۱) جمہور کے مذہب پر صرف عدم سکتہ ہے۔ (۲) اَلْ شَیْءٌ اور ساکن مفصول پر فقط سکتہ اور اسے رتبہ سکتۃ الخاص فارسی عن ابی طاہر کہتے ہیں، جو صاحب التجرید کا مذہب ہے، اور ساکن متصل پر بھی سکتہ یہ صاحب روضہ کا مذہب ہے، ان دونوں نے مدہ پر سکتہ نہیں کیا۔ (۳) ان پر بھی سکتہ اور ساکن موصول پر بھی سکتہ اور اسے رتبہ سکتۃ العام لابی طاہر کہتے ہیں، روضۃ المالکی سے اور الازمیری سے ولی کے ماسوا سے فیل کیلئے بیان کیا ہے۔ (من التذکار نقلاً عن بستان ابن الجندی)

المحققؒ متولی نے اس پر اعتماد کیا ہے، اور مد منفصل پر سکتہ عبدالباقی کا طریق ہے، انہوں نے اپنے والد کے ذریعہ سامری سے اور انہوں نے اشنانی سے نقل کیا ہے، اس میں

عبدالباقی منفرد ہے۔

وَقِیْلَ حَفْصٌ وَابْنُ ذَکْوَانَ وَفِی هِجَاالْفَوَاتِحِ کَطٰهٰ ثَقِّفُ

اور کہا گیا ہے، کہ حفصؒ (بطریق اشنانی از ابوطاہرؒ از محمد عبیدؒ) اور ابن ذکوانؒ دونوں طرق سے ساکن پر سکتہ کے بارے میں ان سے خلف آیا ہے، جبکہ جمہور کے ہاں عدم سکتہ ہے۔

نوٹ: حفصؒ کیلئے یہ سکتات، مدِ منفصل کے مد پر ہی ہیں، قصر پر نہیں ہیں، عام ہے، کہ متصل میں توسط کریں، یا طول کریں اس لئے کہ سکتہ کے راوی اشنانی اور مدِ منفصل میں قصر کے راوی فیل از عمرو ہیں۔ پس سکتہ پر فقط مد اور عدم سکتہ پر مد و قصر دونوں ہونگے۔ نیز لام وراء میں ادغام مع الغنہ کے ساتھ اور اسی طرح تکبیر کے ساتھ بھی سکتات جمع نہیں ہوسکتے، جیسے قولہٗ تعالیٰ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآاُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ۔ وَبِالْاٰخِرَةِ میں اَلْ کے سکتہ اور منفصل میں کل پانچ وجوہ بنتی ہیں۔

{جدول}

نمبر شمار	بِمَآاُنْزِلَ	وَبِالْاٰخِرَةِ
۱	قصر	عدم سکتہ
۲	فویق القصر	″
۳	التوسط	″
۴	″	سکتہ
۵	فویق التوسط	عدم سکتہ

اور هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک کل چودہ وجوہ بنتی ہیں۔

نمبرشمار	بِمَآ اُنْزِلَ	وَبِالْاٰخِرَةِ	اُولٰٓئِکَ	مِنْ رَّبِّهِمْ	وَاُولٰٓئِکَ
۱	قصر	عدم سکتہ	توسط	ترک الغنہ	توسط
۲	〃	〃	طول	〃	طول
۳	〃	〃	〃	مع الغنہ	〃
۴	فویق القصر	〃	〃	بلاغنہ	〃
۵	〃	〃	〃	مع الغنہ	〃
۶	توسط	〃	توسط	بلاغنہ	توسط
۷	〃	〃	طول	〃	طول
۸	〃	〃	〃	مع الغنہ	〃
۹	〃	سکتہ	توسط	بلاغنہ	توسط
۱۰	〃	〃	طول	〃	طول
۱۱	فویق التوسط	عدم سکتہ	فویق التوسط	〃	فویق التوسط
۱۲	〃	〃	طول	〃	طول
۱۳	〃	〃	فویق التوسط	مع الغنہ	فویق التوسط
۱۴	〃	〃	طول	〃	طول

{چوتھی بحث نون ساکن وتنوین کا ادغام لام و راء میں مع الغنہ وبلاغنہ}

وادْغِمْ بِلَا غُنَّةٍ فِیْ لَامٍ وَّرَا " وَهِیْ لِغَیْرِ صُحْبَةٍ اَیْضًا تُرٰی (طیبۃ النشر)

اورتو سب قرأ ہی کیلئے نون ساکن وتنوین کا لام وراء میں غنہ کے بغیر ادغام کر، اور دوسری وجہ میں صحبہ کے غیر، یعنی سمؒ، شامیؒ، حفصؒ کیلئے لام وراء سے پہلے یہ غنہ بھی فن کی کتابوں میں دیکھا جاتا ہے، لیکن شرط یہ ہے، کہ نون رسم میں موجود ہو، جیسے مِنْ رَّبِّهِمْ ، فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا ، مگر جمہور کے ہاں ادغام بلاغنہ ہی معمول ہے، ادغام مع الغنہ صرف ھذلیؒ اوراھوازیؒ سے منقول ہے، جیسا کہ الازمیری کی وجیز میں ہے، لیکن النشر کے مطابق اس کے لئے یہ شرط ہے، کہ نون مرسوم ہو، پس فَاِنْ لَّمْ یَسْتَجِیْبُوْا سورۃ ھود میں ادغام بلاغنہ ہی ہوگا۔

{جدول مد منفصل کے ساتھ لام وراء کے ادغام کی آٹھ وجوہ}

قولہٗ تعالیٰ : وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا (الآیۃ)

نمبر شمار	مَثَابَةً لِّلنَّاسِ	وَعَهِدْنَا اِلٰی
ا	ادغام بلاغنہ	قصر

۲	〃	فویق القصر
۳	〃	توسط
۴	〃	فویق توسط
۵	ادغام مع الغنہ	قصر
۶	〃	فویق القصر
۷	〃	توسط
۸	〃	فویق التوسط

{جدول مد متصل و منفصل کے ساتھ لام وراء کے ادغام کی بارہ وجوہ}

قولہٗ تعالیٰ : مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّآ اَضَآءَتْ (الآیۃ)

نمبر شمار	فَلَمَّآ اَضَآءَتْ	اَضَآءَتْ	ظُلُمٰتٍ لَّا
۱	(منفصل) قصر	(متصل) توسط	بلاغنہ
۲	〃 〃	〃 طول	مع الغنہ
۳	〃 〃	〃 〃	بلاغنہ
۴	فویق القصر	〃 〃	مع الغنہ
۵	〃 〃	〃 توسط	بلاغنہ
۶	〃 توسط	〃 توسط	〃
۷	〃 〃	〃 طول	مع الغنہ
۸	〃 〃	〃 طول	بلاغنہ
۹	〃 فویق التوسط	〃 فویق التوسط	مع الغنہ
۱۰	〃 〃	〃 〃	بلاغنہ
۱۱	〃 〃	〃 طول	〃
۱۲	〃 〃	〃 〃	مع الغنہ

{پانچویں بحث
یَبْسُطُ اور بَسْطَۃً میں صاد وسین}

کِسْ رِنْ وَیَبْسُطُ سِیْنُہٗ فَتًی حَوٰی " مَعًا وَّثِقْلُہٗ وَبَابُہٗ ثَوٰی

کَبَسْطَۃِ الْخَلْقِ وَخُلْفُ الْعِلْمِ زُرْ " لِیْ غِثْ وَخُلْفٌ عَنْ قُوًی زِنْ مَنْ یَّصُرْ

اور یَبْصُطُ جو فِی الْخَلْقِ بَسْطَۃً کی طرح ہے، ان دونوں میں سین خلفؒ راوی ،امام خلفؒ، دوریؒ ، ہشام ، رویسؒ کیلئے بلا خلاف اور حفصؒ ، خلادؒ ، قنبلؒ ابن ذکوانؒ ، سوسیؒ کیلئے بخلاف[redacted]ط کیا گیا ہے (طیبۃ النشر)

اس میں تین مذاھب ہیں۔ (۱) حفصؒ کیلئے عمرو بن صباح کے طریق ھاشمی سے ان دونوں کلموں میں صاد ہے، جسکا ماخذ التذکرہ ہے، اور ابو طاہر کے طریق پر ولی عن الفیل کے ماخذ المصباح اور فیل کے الکامل اور طبری کیلئے ولی سے المستنیر اور عمرو کیلئے جامع ابن فارس اور عبید کے لئے کفایہ ابی العز اور زرعان کیلئے التذکار اور روضۃ العدل اور غایہ ابی العلا اور قرأۃ دانی علی ابی الفتح ۔ (۲) سین یَبْسُطُ میں اور صاد بَصْطَۃً میں

الوجیز سے ہے۔ (۳) دونوں میں سین باقی کتب سے ہے۔

نوٹ: مدمنفصل کے قصر اور فویق القصر اور سکتہ خاص اور ادغام بلاغنہ کے ساتھ دونوں میں صاد ممنوع ہے، اور اسی طرح تکبیر اور منفصل کے فویق التوسط کے ساتھ جب متصل میں طول پڑھیں، لام و راء کے ادغام مع الغنہ کے ساتھ بھی دونوں میں صاد طریق کے خلاف و ممنوع ہے، اور دوسرا مذہب یَبۡصُطُ میں سین اور بَصۡطَةً میں صاد مختص ہے، مدمتصل و منفصل میں فویق التوسط مع الغنہ کے ساتھ، نیز تیسرا مذہب دونوں میں سین منفصل کے قصر متصل کے توسط مع الغنہ کے ساتھ ممنوع ہے، مگر فویق التوسط کے ساتھ جائز ہے، البتہ اول مذہب دونوں میں صاد اور تیسرا دونوں میں سین مندرجہ ذیل کے ساتھ پڑھنا درست ہے۔

ساکن پر عدم سکتہ ادغام مع الغنہ، مع تکبیر اور منفصل کے قصر اور متصل کے طول نیز منفصل کے توسط اور فویق التوسط مع متصل کے توسط و فویق التوسط اور سکتہ عام اور تکبیر کے ساتھ مع توسط المنفصل اور ترک الغنہ کے درست ہے۔

نوٹ: ذیل کے جدول میں غور فرمانے سے طرق کی ترتیب کی آسانی سے سمجھ آجائے گی، قولہ تعالیٰ فَيُضَاعِفَهٗ لَهٗٓ اَضۡعَافًا كَثِيۡرَةً ؕ وَّاللّٰهُ يَقۡبِضُ وَيَبۡصُۜطُ میں آٹھ وجوہ بنتی ہیں۔

نمبر شمار	لَهٗٓ اَضۡعَافًا	وَيَبۡصُۜطُ
۱	قصر	صاد
۲	″	سین
۳	فویق القصر	صاد
۴	″	سین

۵	توسط	صاد
٦	〃	سین
۷	فویق التوسط	صاد
۸	〃	سین

وفی قولہٖ تعالٰی اَوَعَجِبۡتُمۡ اَنۡ جَآءَ هُمۡ الی قولہٖ تعالٰی فِی الۡخَلۡقِ بَسۡطَۃً کل انیس وجوہ ہیں

نمبر شمار	اَوَعَجِبۡتُمۡ اَنۡ	جَآءَ	مِنۡ رَّبِّکُمۡ	وَاذۡکُرُوۡا اِذۡ	خُلَفَآءَ	بَسۡطَۃً
۱	عدم سکتہ	توسط	عدم غنہ	قصر	توسط	صاد
۲	〃	〃	〃	توسط	〃	〃
۳	〃	〃	〃	〃	〃	سین
۴	〃	فویق توسط	〃	فویق توسط	فویق توسط	صاد
۵	〃	〃	〃	〃	〃	سین
٦	〃	〃	غنہ	〃	〃	صاد
۷	〃	طول	عدم غنہ	قصر	طول	〃
۸	〃	〃	〃	〃	〃	سین
۹	〃	〃	〃	فویق قصر	〃	〃
۱۰	〃	〃	〃	توسط	طول	صاد
۱۱	〃	〃	〃	〃	〃	سین
۱۲	〃	〃	〃	فویق توسط	〃	صاد
۱۳	〃	〃	〃	〃	〃	سین
۱۴	〃	〃	غنہ	قصر	〃	صاد
۱۵	〃	〃	〃	〃	〃	سین
۱٦	〃	〃	〃	فویق قصر	〃	〃
۱۷	سکتہ	توسط	عدم غنہ	توسط	توسط	〃

۱۸	″	طول	″	″	طول	صاد
۱۹	″	″	″	″	″	سین

{چھٹی بحث}

اَمۡ هُمُ الۡمُسَيۡطِرُوۡنَ اور عَلَيۡهِمۡ بِمُصَيۡطِرٍ میں صاد وسین

يَصۡدُرُ غِثۡ شَفَا الۡمُصَيۡطِرُوۡنَ ضَرۡ

قِ الۡخُلۡفُ مَعۡ مُصَيۡطِرٍ وَّالسِّيۡنُ لِيۡ   وَفِيۡهِمَا الۡخُلۡفُ زَكِيُّ عَنۡ مَلِيۡ

اور اَلۡمُصَيۡطِرُوۡنَ (طور) اور بِمُصَيۡطِرۡ (غاشیہ) میں خلفؒ کیلئے بلاخلاف اور خلادؒ کے لئے بخلاف اشمام ہے، اور ھشامؒ کیلئے سین ہے، اوران دونوں میں قنبلؒ، حفصؒ ،ابن ذکوانؒ کیلئے خلف پا کیزگی والا ہے، یعنی صاد وسین دونوں ہیں، حفصؒ کیلئے دونوں میں صاد وسین اس طرح ہیں، کہ اَلۡمُصَيۡطِرُوۡنَ میں صاد شاطبیہ وطیبہ سے بطریق ابوعبید اور سین طیبہ سے دونوں طرق سے، اور بِمُصَيۡطِرۡ کی دو وجوہ یوں ہیں، صاد شاطبیہ وطیبہ سے دونوں طرق پر اور سین طیبہ سے دونوں طریق پر۔

اس میں تفصیلی مذاھب چار ہیں۔

(۱) دونوں میں صاد ۔ للطبری عن الولی عن الفیل، من المستنیر اور حمامی تذکرہ، تلخیص العبارات، تیسیر، شاطبیۃ فی احد وجھیا۔

(۲) دونوں میں سین، عبید کیلئے کامل سے اور ابن خلیع عن الفیل عن المصباح اور زرعان کیلئے تجرید، جامع فارس، التذکار الروضتین، کفایہ ابی العز، المستنیر ، المصباح سے۔

(۳) اَلْمُصَیْطِرُوْنَ میں صاد اور بِمُصَیْطِرٍ میں سین از میری کے مطابق الوجیز سے۔

(۴) اَلْمُصَیْطِرُوْنَ میں سین اور بِمُصَیْطِرْ میں صاد، باقین کیلئے۔

اول مذھب: دونوں میں صاد پڑھتے وقت غنہ، سکتہ، اور تکبیر کا ترک ضروری ہے، جبکہ (۱) منفصل کا قصر مع الطول۔ اور (۲) توسط المدین۔ (۳) توسط مع الطول۔ (۴) فویق التوسط مع فویق التوسط، ان کے ماسوا والی وجوہ ممنوع ہیں۔

تیسرا مذھب مختص ہے، غنہ کی وجہ اور دونوں مدوں کے فویق التوسط کے ساتھ۔ اور چوتھا مذھب ممتنع ہے، غنہ کی وجہ کے ساتھ فویق التوسط المدین اور فویق التوسط مع الطول مع الغنہ کی وجہ پر، جدول میں غور فرمائیں۔

فی قولہٖ تعالٰی: فَلْیَاْتُوْا بِحَدِیْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِلٰی قولہٖ تعالٰی اَلْمُسَیْطِرُوْن تیرہ وجوہ بنتی ہیں۔

{جدول}

نمبر شمار	مِثْلِهٖٓ اِنْ	شَیْءٍ، وَالْاَرْضَ	خَزَآئِنُ	اَلْمُسَیْطِرُوْنَ
۱	قصر	عدم سکتہ	توسط	سین
۲	"	"	طول	"
۳	"	"	"	صاد
۴	فویق قصر	"	"	سین
۵	توسط	"	توسط	"
۶	"	"	"	صاد
۷	"	"	طول	سین

۸	″	″	″	صاد
۹	″	سکتہ	توسط	سین
۱۰	″	″	طول	″
۱۱	فویق توسط	عدم سکتہ	فویق توسط	″
۱۲	″	″	″	صاد
۱۳	″	″	طول	سین

وَفِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی : فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ، لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ اِلٰی قَوْلِهٖ اَلْاَكْبَرَ اور اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ تیرہ وجوہ بنتی ہیں۔

نمبر شمار	مُذَكِّرٌ لَّسْتَ	بِمُصَيْطِرٍ	بِمُصَيْطِرٍ اِلَّا	اَلْاَكْبَرَ	اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ
۱	عدم غنہ	صاد	عدم سکتہ	عدم سکتہ	قصر
۲	″	سین	″	″	″
۳	غنہ	صاد	″	″	″
۴	عدم غنہ	″	″	″	فویق قصر
۵	غنہ	″	″	″	″
۶	عدم غنہ	صاد	″	″	توسط
۷	″	سین	″	″	″
۸	غنہ	صاد	″	″	″
۹	عدم غنہ	″	″	″	فویق توسط
۱۰	″	سین	″	″	″
۱۱	غنہ	″	″	″	″
۱۲	عدم غنہ	صاد	سکتہ	سکتہ	توسط
۱۳	″	سین	″	″	″

اور اگر اِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ کی مد متصل کو بھی شامل کریں، تو کل انیس وجہیں ہوں گی، تیرہ وجوہ مذکورہ مع طول متصل، اور چار مزید توسط متصل پر، صاد مع قصر المنفصل اور توسط متصل، صاد اور سین عدم سکتہ کے ساتھ اور سین فقط سکتہ کے ساتھ، اور دو وجہیں

دونوں مدوں کے فویق توسط کے ساتھ عدم غنہ اور صاد غنہ مع السین ، اور اگر وَالْفَجْرِ تک پڑھا جائے ،تو کل وجوہ ۲۶ چھبیس ہوں گی ۔

{ساتویں بحث}

ءٰآلذَّكَرَيْنِ، ءٰآلْـٰٔنَ، ءٰآللّٰهُ میں (الانعام ، یونس ، نمل) ابدال وتسہیل

وَهَمْزَ وَصْلٍ مِّنْ كَاٰللّٰهِ اَذِنَ " اَبْدِلُ لِكُلٍّ اَوْ فَسَهِّلْ وَاقْصُرَنْ

اور اس ھمزہ وصل کو آللّٰہُ اَذِنَ جیسی مثالوں میں ہے ،یعنی آلذَّكَرَيْنِ اور آلْـٰٔنَ سب ہی قرّاء کے لئے الف سے ابدال کر ، اور دوسری وجہ کی رو سے اس کی تسہیل کر ، اور ضرور قصر کر ،یعنی ادخال الف نہ کر۔ (طیبۃ النشر)

(۱) ابدال الف مع مد لازم تمام طرق سے ہے۔ (۲) تسہیل بین الھمز والالف مع القصر تیسیر ،شاطبیۃ ،طیبۃ ،الکامل ،اور خاتمۃ المحققین علامہ متولیؒ عن بعضھم عن الاعلان الامام الجزریؒ سے ہے ،اور دونوں وجہیں دونوں مدوں کی تمام وجوہ کے ساتھ جمع ہوتی ہے، الاقصر المنفصل مع توسط المتصل اس کے ساتھ تسہیل ممتنع ہے، نیز سکتہ خاص وعام دونوں کے ساتھ تسہیل طریق کے خلاف ہے۔ اور ثَمَانِيَةَ اَزْوَاجٍ ، مِّنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ (الایۃ) کل تین وجوہ ہیں۔

{جدول}

نمبر شمار	قُلْ آلذَّ	آلذَّكَرَيْنِ
۱	عدم سکتہ	ابدال
۲	"	تسہیل
۳	سکتہ	مع الابدال

{جدول}

وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ (الایۃ) میں آٹھ وجوہ بنتی ہیں

نمبر شمار	سکتہ، عدم سکتہ	ابدال وتسہیل	متصل
۱	عدم سکتہ	ابدال	توسط
۲	〃	〃	فویق توسط
۳	〃	〃	طول
۴	〃	〃	توسط
۵	〃	تسہیل	فویق توسط
۶	〃	〃	طول
۷	سکتہ	ابدال	توسط
۸	〃	〃	طول

وَفِیْ قَوْلِہٖ تعالیٰ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِہٖ آٰلْئٰنَ (الایۃ) نو۹ وجہیں بنتی ہیں۔

{جدول}

نمبر شمار	بِہٖ آمنفصل	آٰلْئٰنَ ابدال وتسہیل	سکتہ وعدم سکتہ
۱	قصر	تسہیل	عدم سکتہ
۲	〃	ابدال	〃
۳	فویق قصر	تسہیل	〃
۴	〃	ابدال	〃
۵	توسط	〃	〃
۶	〃	〃	سکتہ
۷	〃	تسہیل	عدم سکتہ
۸	فویق توسط	〃	〃

۹	〃	ابدال	〃

وفی قولہٖ تعالیٰ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ لَكُمۡ (الآیۃ) سترہ وجوہ ہیں۔

{جدول}

نمبر شمار	مَاۤ اَنۡزَلَ منفصل	مِنۡ رِّزۡقٍ	قُلۡ آ	ءٰاللّٰهُ	لَكُمۡ أَم
۱	قصر	بلاغنہ ادغام تام	عدم سکتہ	ابدال	عدم سکتہ
۲	〃	مع الغنہ	〃	〃	〃
۳	فویق قصر	بلاغنہ	〃	〃	〃
۴	〃	مع الغنہ	〃	〃	〃
۵	توسط	〃	〃	〃	〃
۶	〃	بلاغنہ	〃	〃	〃
۷	فویق توسط	〃	〃	〃	〃
۸	〃	مع الغنہ	〃	〃	〃
۹	قصر	بلاغنہ	〃	تسہیل	〃
۱۰	〃	مع الغنہ	〃	〃	〃
۱۱	فویق قصر	بلاغنہ	〃	〃	〃
۱۲	〃	مع الغنہ	〃	〃	〃
۱۳	توسط	بلاغنہ	〃	〃	〃
۱۴	〃	مع الغنہ	〃	〃	〃
۱۵	فویق توسط	بلاغنہ	〃	〃	〃
۱۶	〃	مع الغنہ	〃	〃	〃
۱۷	توسط	بلاغنہ	سکتہ	ابدال	〃

وفی قولہٖ تعالیٰ آٰلۡـٰٔنَ وَقَدۡ عَصَيۡتَ (الآیۃ) میں تین وجوہ ہیں۔

(۱) ابدال وعدم سکتہ (۲) ابدال وسکتہ (۳) تسہیل وعدم سکتہ (واللہ اعلم وعلّمہ اتم)

{ آٹھویں بحث }

یَلْهَثْ ذَّالِکَ میں ادغام واظہار

کَنُوْنَ لَا قَالُوْنَ یَلْهَثْ اَظْهِرْ ۔ حِرْمٌ لَهُمْ نَالَ خَلَا فُهُمْ وُرِیْ

اورحرمیؒ ، ہشامؒ ، عاصمؒ جو ہیں،توان کیلئے یَلْهَثْ ذَالِکَ میں خلاف کے ساتھ اظہار پڑھ ، عاصمؒ کیلئے جمہور مشارقہ ومغاربہ نے تمام طرق وروایات سے ادغام شاطبیہ وطیبہ بیان کیاہے، اوریہی مشہور تر ہے، محققؒ کی رائے پر ادغام سب ہی کیلئے قوی تر ہے،اورھذلیؒ عن الحبازی عن الھاشمی اظہارکو بیان کیاہے،اورصاحب تجرید نے حفصؒ کے لئے دونوں وجوہ نقل کی ہیں، دانیؒ جامع البیان میں فرماتے ہیں، کہ مجھے فارس بن احمد نے عاصم کیلئے ان جملہ طرق سے عبداللہ ابواحمد سامری کے طریق پر اظہار اور عبدالباقی کے طریق پر ادغام پڑھایاہے،اورفرماتے تھے، کہ ابوبکرالولی نے احمد بن حمید کے ذریعہ عمر سے اوراشنانی کے ذریعہ عبید سے انہوں نے حفصؒ سے اظہارروایت کیاہے، پس اظہار مختص ہے،توسط مدین اورفویق توسط مع الطول عندالغنہ پس فی قولہٖ تعالٰی وَلٰكِنَّهٗ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ (الایۃ) میں کل آٹھ وجوہ ہیں۔

یَلْهَثْ ذَّالِکَ	اِلَی الْاَرْضِ	وَلٰكِنَّهٗ اَخْلَدَ	نمبرشمار
ادغام	عدم سکتہ	قصر	۱
〃	〃	فویق قصر	۲
〃	〃	توسط	۳
اظہار	〃	〃	۴
〃	سکتہ	〃	۵
ادغام	〃	〃	۶

۷	فویق توسط	عدم سکتہ	″
۸	″	″	اظہار

{نویں بحث}

یٰبُنَیَّ ارۡکَبۡ مَّعَنَا (ھود) میں ادغام واظہار

نَخۡسِفۡ بِّھِمۡ رُبًّا وَّفِی ارۡکَبۡ رُمَنۡ حِمَا ، وَالۡخُلۡفُ دِنۡ لِیۡ نَلۡ قُوًی عُذۡتُ کَمَا

اور اِرۡکَبۡ مَّعَنَا (ھود ۳۔ ع ۴) میں کسائی ؒ ، بصریؒ نے بلا خلاف اور مکیؒ، قالونؒ ،عاصمؒ،خلادؒ نے خلاف کے ساتھ ادغام کیا ہے، اور حفصؒ کیلئے اظہار عمرو بن صباح کے طریق پر ہے، اور جمہور کے ہاں باء کا میم میں ادغام ہے، جبکہ صاحب وجیز نے اور ابن فارس نے اپنی جامع میں اور دانی ؒ قرأۃ علی ابی فتح اور صاحب المستنیر نے بطریق طبری عن الولی عن الفیل اور صاحب الکامل نے ھاشمی کے غیر کیلئے اظہار بیان کیا ہے، پس اظہار مع الغنہ متعین ہے سوائے فویق توسط المنفصل مع الطول المتصل کے، ان کے ساتھ دونوں وجوہ ہیں، اور اظہار وادغام دونوں فویق توسط المدین بدون غنہ ہیں، اور اسی طرح مع طول المتصل عند قصر المنفصل وتوسط المنفصل غنہ اور سکتہ ترک کی شرط پر دونوں وجہیں اظہار وادغام درست ہیں، پس یٰبُنَیَّ ارۡکَبۡ مَّعَنَا اِلٰی قولہٖ فَلَا تَسۡئَلَنِّ مَالَیۡسَ لَکَ بِہٖ عِلۡمٌ میں اٹھارہ وجوہ بنتی ہیں۔

{جدول}

نمبرشمار	اِرۡکَبۡ مَّعَنَا	سَاٰوِیۡ اِلٰی	مَآءٍ	مِنۡ اَمۡرِاللّٰهِ	مَنۡ رَّحِمَ
۱	ادغام	قصر	توسط	عدم سکتہ	بلاغنہ
۲	″	″	طول	″	″
۳	″	فویق قصر	″	″	″
۴	″	توسط	توسط	عدم سکتہ	بلاغنہ
۵	″	″	″	سکتہ	″
۶	″	″	طول	عدم سکتہ	″
۷	″	″	″	سکتہ	″
۸	″	فویق توسط	فویق توسط	عدم سکتہ	بلاغنہ
۹	″	″	طول	″	″
۱۰	″	″	″	″	غنہ
۱۱	اظہار	قصر	طول	عدم سکتہ	بلاغنہ
۱۲	″	″	″	″	غنہ
۱۳	″	فویق قصر	طول	″	″
۱۴	″	توسط	″	″	بلاغنہ
۱۵	″	″	″	″	غنہ
۱۶	″	فویق توسط	فویق توسط	″	بلاغنہ
۱۷	″	″	″	″	مع الغنہ
۱۸	″	″	طول	″	

{دسویں بحث}

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ اور نٓ وَالْقَلَمِ میں اظہار وادغام

وَیٰسِیْنَ رَوٰی ظَعْنٌ لِّوٰی وَالْخُلْفُ "مِزْنَلْ اِذْهٰوٰی کَنُوْنَ لَا قَالُوْنَ

یٰسٓ وَّ الْقُرْاٰنِ میں نٓ وَّ الْقَلَمِ کی طرح رَوٰی یعقوبؒ، ہشامؒ نے بلاخلاف اور ابن ذکوانؒ، عاصمؒ، نافعؒ اور بزیؒ نے خلاف کے ساتھ ادغام کیا ہے، البتہ قالونؒ نے نٓ وَّ الْقَلَمِ میں اظہار کیا ہے۔

حفصؒ کیلئے عبیدؒ سے فقط اظہار شاطبیہ وطیبہ دونوں سے اور عمرو بن صباحؒ کیلئے خلف ہے، فیلؒ سے اظہار شطؒ اور زرعانؒ سے صرف ادغام طیبہ سے ہے، اور تمام طرق سے سوائے مصباح کے ادغام ہے۔

